DOMESTIC CRICKET SEASON 2021-22

خیبر پختونخوا وائٹس نے نیشنل انڈر 16 ون ڈے ٹورنامنٹ جیت لیا

ملتان، 7 فروری 2022ء:

ملتان میں کھیلے گئے نیشنل انڈر 16 ون ڈے ٹورنامنٹ کے فائنل میں خیبر پختونخوا وائٹس نے سدرن پنجاب بلیوز کو 106 رنز سے شکست دے دی۔ خیبر پختونخوا کرکٹ ایسوسی ایشن کا ڈومیسٹک سیزن 22-2021 میں یہ لگاتار پانچواں ٹائٹل ہے۔ وہ اس سے قبل رواں سیزن میں کھیلے گئے نیشنل ٹی ٹونٹی، قائداعظم ٹرافی، نیشنل انڈر 19 کپ اور نیشنل انڈر 13 ٹورنامنٹ بھی جیت چکے ہیں۔

ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میں 256 رنز کے تعاقب میں سدرن پنجاب بلیوز کی پوری ٹیم 149 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ اوپنر رانا عدیل کی نصف سنچری بھی رائیگاں گئی۔ محمد ہارون نے 38 رنز کے عوض 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

خیبر پختونخوا نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ریاض اللہ کے 78 رنز کی بدولت مقررہ 45 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 255 رنز بنائے تھے۔ 75 گیندوں پر مشتمل ریاض اللہ کی اننگز میں ایک چھکا اور 13 چوکے شامل تھے۔ افکر درانی نے 49 اور محمد زبیر نے 40 رنز بنائے۔ سمیر اختر اور انعام اللہ نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

فائنل میں 78 رنز کی اننگز کھیلنے پر خیبر پختونخوا وائٹس کے ریاض اللہ کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 419 رنز بنانے پر انہیں بیٹر آف دی ٹورنامنٹ کا ایوارڈ بھی دیا گیا۔ انہی کی ٹیم کے محمد ہارون کو 17 وکٹیں حاصل کرنے پر باؤلر آف دی ٹورنامنٹ قرار دیا گیا۔ ناردرن بلیوز کے حسن اعجاز بہترین وکٹ کیپر قرار پائے۔

ٹورنامنٹ میں 414 رنز اور 6 وکٹیں حاصل کرنے پر سینٹرل پنجاب وائٹس کے طیب عارف کو پلیئر آف دی ٹورنامنٹ قرار دیا گیا۔

ایونٹ کی فاتح ٹیم کو ساڑھے تین لاکھ روپے جبکہ رنرزاپ کو اڑھائی لاکھ روپے چیک ایوارڈ دیا گیا۔ دونوں ٹیموں کو ٹرافیز بھی دی گئیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

WASH HANDS

KEEP THE DISTANCE

AVOID CROWD

WEAR MASK

COUGH IN THE ELBOW

KEEP HYDRATED

STAY AT HOME

Commercial Partners

Broadcast Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial